SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
January 14, 2021

ایس ای سی پی نے سیلف ریگولیٹری آرگنائزیشنز کے لئے ریگولیٹری فریم ورک عوامی آراء کے لئے جاری کردیا

اسلام آباد (جنوری 14): سکیورٹیزاینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے فنانشل سروسز مارکیٹ کے فروغ اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کے پیش نظر سیلف ریگولیٹری آرگنائزیشنز (رجسٹریشن) ریگولیشنز 2021 کا مسودہ عوام اور شفاکت داروں کی آراء حاصل کرنے کے لئے جاری کر دیا ہے۔ایس آر اوز کی ریگولیشنز کا مسودہ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر فراہم کر دیا گیا ہے اور دلچسپی رکھنے والے افراد اور ادارے اس حوالے سے 30 دن اپنی آراء و تجاویز ایس ای سی پی کو بھجوا سکتے ہیں۔

ایس ای سی پی ایکٹ 2017 کے تحت پہلی بار متعارف کروائے گئے ان ضوابط کا مقصد نان بینکنگ فنا شل سیکٹر میں سلف ریگولیشن کے تصور کو اجاگر کرنا، اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کو بڑھانا اور کاروباری اخلاقیات کے حوالے سے اجتماعی ذمہ داری پیدا کرنے کے لئے سیلف ریگولیٹری آرگنائزیشنز کے قیام کو فروغ دینا ہے۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں سلیف ریگولیشنز کا تصور تیزی سے فروغ پا رہا ہے جس میں مالیاتی ادارے ریگولیٹری اور سائٹ کے ساتھ ساتھ خود کو اپنی ایسوی ائیشن کے تحت بہترین کاروباری اصولوں کا پابند بناتے ہیں۔ سیلف ریگولیٹری آرگنائزیشن ایک غیر منفاع بخش ادارے ہوتا ہے جو کہ اپنی متعلقہ شعبے یا انڈسٹری کے اندر اصولوں کے نفاذ کے لئے ایک حد تک ریگولیٹری اتھارٹی حاصل ہوتی ہے۔ ایس ار اوز، کاروباری آپریشنز اور اصولوں کے اعلی معیارات کو اپنے ممبران میں نافذ کرکے کاروبار کے منصفانہ طریقوں، صارفین کی شکایت کے ازالے اور متعلقہ شعبے میں تحقیق اور ترقیاتی کاموں کی حواصلہ افزائی کے اقدامات کے لئے اجتماعی پلیٹ فارم مہیا کرتے ہیں۔

ایس آر اوس کے مجوزہ ریگولیٹری مسودے میں سیلف ریگولیٹری آرگنائزیشن کی رجسٹریشن اور ادارے کے پروموٹرز، ڈائریکٹرز، چیف ایگزیکٹو اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین کے لئے مناسب و موزوں اہلیت کے معیارات تجویز کئے گئے ہیں جبکہ سیلف ریگولیٹری آرگنائزیشن کے فرائض و ذمہ داریوں کی بھی وضاحت کی گئی ہے جس سے ان آرگنائزیشن کو میں شفافیت، جانچ پڑتال، سرٹیفکیشن اور تربیت کے تقاضوں (شرائط)، مفادات کے تنازعات کو کم کرنے کے اقدامات اور کارپوریٹ گورننس کے ضابطہ اخلاق کی تعمیل میں بہتری لانے میں مدد ملے گی۔ایس آر اوز کی ریگولیشنز کا مسودہ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔
دلچسپی رکھنے والے ادارے، سٹیک ہولڈر اور عوام الناس نوٹیفیکیشن جاری ہونے کے تیس دن کے اندر اندر اپنی تجاویز و آراء ایس ای سی پی کو بھجوا سکتے ہیں۔ سٹیک ہولڈرز کی تجاویز و آراء کی روشنی میں مجوزہ مسودے کو حتمی شکل دی جائے گی۔ اور باضابطہ منظوری کے بعد اس کا اجراء کر دیا جائے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

ٹکرز:

- ایس ای سی پی نے سیلف ریگولیٹری آرگنائزیشنز ریگولیشنز 2021 کا مسودہ عوامی آراء کے لئے جاری کر دیا
- ترامیم کا مسودہ عوامی رائے عامہ کے لئے کمیشن کی ویب سائٹ پر موجود ہے
- سٹیک ہولڈرز کی تجویزاو آراء کی روشنی میں نئے ضوابط کو حتمی شکل دی جائے گی
- ترمیمی مسودے میں سیلف ریگولیٹری آرگنائزیشن کے فرائض وذمہ داریوں کی وضاحت کی گئی ہے
- پروموٹرز، ڈائریکٹرز، چیف ایگزیکٹو اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین کے لئے مناسب وموزوں معیار اہلیت متعین کئے گئے ہیں

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005